★★★ عوامی احساسات کا بے باک ترجمان ★★★

روزنامہ چیف ایڈیٹر نیئر جمیل بٹ
ایڈیٹر زاہد اقبال چوہدری

نوٹس

لاہور

جلد نمبر 29 | بدھ 24 دسمبر 2025ء، 02 رجب المرجب 1447ھ 10 پوہ 2079 صفحات 04 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر 92

اعلیٰ کارکردگی پر افسران و عملے کی حوصلہ افزائی سے زیادہ کام کرنے کا جذبہ پروان چڑھتا ہے، وفاقی محتسب

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا اسلام آباد میں ایوارڈز دینے کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ اداروں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کی حوصلہ افزائی اور ایوارڈز دینے سے دیگر افسران و عملے میں بھی زیادہ سے زیادہ کام کرنے کا جذبہ پروان چڑھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے فرائض ایمانداری اور بحسن وخوبی سرانجام دینے والے افسران اور ملازمین ہمارا قیمتی اثاثہ اور ادارے کا وقار ہیں۔ ادارے نے جو کامیابی حاصل کی ہے اس کے پیچھے ان ملازمین کی مسلسل محنت اور لگن کا عمل دخل ہے، ادارے ایسے ہی افراد کے ذریعے ترقی کی منازل طے کرتے ہیں۔ وہ گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکریٹریٹ میں وفاقی محتسب کے ہیڈ آفس، صوبہ بلوچستان اور آزاد جموں وکشمیر وگلگت بلتستان کے علاقائی دفاتر میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران اور عملے کو ایوارڈ دینے کے موقع پر ایک سادہ مگر پروقار تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب قبل ازیں پنجاب، سندھ اور کے پی کے میں علاقائی دفاتر کے لئے الگ سے تقاریب منعقد کر چکے ہیں۔ وفاقی محتسب نے ادارے کے افسران اور عملے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگوں کی محنت اور لگن سے یہ ادارہ مسلسل ترقی کر رہا ہے۔ آپ اسی جذبے سے خدمات سرانجام دیتے رہیں تا کہ لوگوں کی شکایات کا جلد ازالہ ہوتا رہے اور ادارے پر لوگوں کا اعتماد قائم رہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سال وفاقی محتسب پاکستان کی طرف سے مجموعی طور پر 46.9 ارب روپے مالیت کے تنازعات کے فیصلے کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال کے دوران آج تک دو لاکھ 52 ہزار سے زائد فیصلے کئے جا چکے ہیں۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ 1983ء میں قائم ہونے والے اس ادارے کی طرف سے سال 2021ء تک 38 برسوں میں کل 17099,17 شکایات کا ازالہ کیا گیا تھا جب کہ سال 2022ء سے 2025ء تک چار سال کے دوران 8 لاکھ 50 ہزار سے زائد شکایات کے فیصلے کئے جا چکے ہیں جو کہ پہلے 38 برسوں کے مجموعی فیصلوں کا تقریباً نصف بنتے ہیں اور یہ ریکارڈ اضافہ ہمارے افسران و عملے کی محنت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب کی تاریخ میں پہلی بار اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کو شیلڈوں اور تعریفی اسناد سے نوازا گیا ہے۔ یہ ایوارڈز خالصتاً میرٹ اور تسلسل سے نمایاں کارکردگی کی بنیاد پر دیئے گئے جس کے لئے وفاقی محتسب کے ادارے کی ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی نے افسران و عملے کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے سخت معیارات مقرر کئے تھے جن میں شکایات کی وصولی، فیصلوں کی تعداد، کھلی کچہریوں کا انعقاد، وفاقی دفاتر کے معائنے اور ان کے مثبت اثرات وغیرہ شامل تھے۔